Maulana Azad National Urdu University

PhD (Urdu) Coursework I Semester Examination, March 2022

پرچہ : مطالعہء ادب کے طریق کار

PHUR102CCT - Mutalea Adab ke Tareeq kar

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 08 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو (100) لفظوں پر مشتمل ہے ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 Marks)**
2. حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو (250) لفظوں پر مشتمل ہے سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3x10 = 30 Marks)**

حصہ اول

1. عملی تنقید سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔ واضح کیجیے، نیز اس کی اہمیت وافادیت پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔
2. ادب میں انسانی اور مادّی قدروں کے درمیان کشاکش کو مثالوں سے واضح کیجیے۔
3. ادب کی تفہیم کے اسلوبیاتی طریق کار پر روشنی ڈالیے۔
4. تقابلی ادب کے ملحوظات اور اس کی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالیے۔
5. مارکسی تنقید کی مبادیات اور اس کے اطلاقی پہلوؤں سے مدلل بحث کیجیے۔
6. صوتیات کی تعریف بیان کرتے ہوئے کسی فن پارے کا صوتیاتی تجزیہ کیجیے۔
7. ادب کی تفہیم کے تانیثی زاویے پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔
8. غزل کی رسومیات کو مثالوں سے واضح کیجیے۔
9. ساختیاتی تنقید پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔
10. علم فصاحت وبلاغت کے تشکیلی اجزا کو مثالوں سے واضح کیجیے۔

حصہ دوم

11. ناول میں تکنیکی تجربوں پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔
12. صارفیت کے بڑھتے رجحان کے پیش نظر مطالعۂ ادب کی معنویت کو اجاگر کیجیے۔
13. قصیدہ نگاری کے تقاضوں کو مثالوں سے واضح کرتے ہوئے اس کی اہمیت میں کمی کے اسباب پر روشنی ڈالیے۔
14. معنیات کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے مختلف پہلوؤں کو مثالوں سے واضح کیجیے۔
15. کسی افسانے یا نظم کے حوالے سے ادبی سماجیات کی معنویت کو اجاگر کیجیے۔

☆☆☆